# بطور آئیڈینٹیفائیڈ نیسیسری سپلیمنٹل اکاموڈیشن (NSA) نمائندہ
# آپ کے کردار کے بارے میں معلومات
**Information About Your Role as the Identified Necessary Supplemental Accommodation (NSA) Representative**

Washington State Department of Social & Health Services — Transforming lives

| آپ درج ذیل کیلئے متعین کردہ NSA کلائینٹ نمائندہ ہیں: | |
|---|---|
| کیس ریسورس منیجر | ٹیلیفون نمبر |

**ایک NSA کلائینٹ نمائندہ کیا ہوتا ہے؟**

ریاستی قانون (RCW) اور ڈیولپمنٹل ڈس ایبلٹیز ایڈمنسٹریشن (DDA) کے قواعد (WAC) تقاضہ کرتے ہیں کہ DDA کلائینٹ اور کم از کم ایک اور شخص کو تمام ابلاغ، بشمول DDA اہلیت کے حوالے سے فیصلے، DDA خدمات اور فراہم کنندہ کا انتخاب، کے حوالے سے تحریری نوٹس بھیجے جانے چاہیں۔ اس دوسرے شخص کو NSA نمائندہ کہا جاتا ہے۔

"نیسیسری سپلیمنٹل اکاموڈیشن رپریزینٹیٹو" کا مطلب ایک ایسا شخص ہے، جسے DDA کے منصوبہ شدہ اقدامات کے نوٹسز (PANs) کی نقول اور محکمے کی دیگر ابلاغ کے نوٹس موصول ہوتے ہیں، تاکہ کلائنٹ کو دستاویزات کو سمجھنے اور اپنے حقوق کا استعمال کرنے میں مدد دی جا سکے۔ NSA نمائندے کا تعین DDA کے کلائینٹ کی جانب سے اس صورت میں تعین کیا جاتا ہے، اگر کلائینٹ کا کوئی قانونی سرپرست نہ ہو اور کلائینٹ DDA خدمات موصول یا ان کی درخواست کر رہے ہوں۔

**کلائینٹ کے NSA نمائندہ کے طور پر میری کیا قانونی ذمہ داریاں ہیں؟**

وہ نمائندے، جو کلائینٹ کے لیے قانونی ذمہ داری رکھتے ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

- سگے، سوتیلے یا رضاعی والدین، جو 18 سے کم عمر اپنے بچے/کلائینٹ کی تحویل رکھتے ہوں؛
- کسی بھی عمر کے کلائینٹس کے لیے عدالت کی جانب سے مقرر کردہ قانونی سرپرست۔

**کلائینٹ کے متعین کردہ NSA نمائندہ کے طور پر میری ذمہ داریاں کیا ہیں؟**

کلائینٹ کے متعین کردہ NSA نمائندہ کے طور پر، آپ کو DDA کے منصوبہ شدہ اقدامات کے تمام نوٹسز اور DDA کی جانب سے کلائینٹ کو بھیجی جانے والے دیگر تمام ابلاغ کی نقول موصول ہوں گی۔

- آپ 18 سال سے کم عمر بچوں کی جانب سے کام کرتے ہیں یا پھر DDA کے بالغ کلائینٹ کو DDA کی جانب سے انہیں بھیجے جانے والے نوٹسز سمجھنے میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔
- اگر کلائینٹ فیصلے پر اختلاف کرنا چاہتے ہوں، تو آپ انہیں اپیل کے عمل میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔
- آپ صرف نوٹسز کی نقول موصول کرنے اور کلائینٹ کو سمجھنے اور جواب دینے میں معاونت فراہم کرنے کے مقصد کے لیے کلائینٹ کے نمائندے کے طور پر کام کرتے ہیں۔ آپ کے پاس کلائینٹ کی جانب سے کوئی دستخط کرنے کا "قانونی اختیار" نہیں ہے، ماسوائے یہ کہ آپ 17 سال یا کم عمر کسی بچے کے والدین/قانونی طور پر ذمہ داری بالغ (جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے) ہوں یا 18 سال یا زیادہ عمر کے کسی شخص کے سرپرست ہوں۔

**مجھ پر کب تک یہ ذمہ داری رہے گی؟**

- اگر آپ 18 سال سے کم عمر کسی بچے کے سگے، سوتیلے یا رضاعی والدین ہیں، تو آپ بچے کی 18 سالگرہ تک قانونی ذمہ داری رکھتے ہیں۔ والدین اپنے کم عمر بچے کے لیے NSA نمائندہ کے طور پر ذمہ داری نہیں چھوڑ سکتے۔
- اگر آپ کسی بچے یا بالغ شخص کے لیے عدالت کی جانب سے مقرر کردہ قانونی سرپرست ہیں، تو آپ اس وقت تک ذمہ دار ہیں، جب تک سرپرستی کو ختم نہیں کر دیا جاتا۔ سرپرست درخواست کر سکتے ہیں کہ کوئی اور شخص کلائینٹ کے NSA نمائندہ کے طور پر کام کرے۔
- اگر آپ کا کلائینٹ کے ساتھ کوئی بھی قانونی تعلق نہیں ہے، تو آپ اپنے کلائینٹ اور کلائینٹ کے DDA کیس/ریسورس منیجر کو اطلاع دے کر کسی بھی وقت ان کے NSA نمائندہ ہونا چھوڑ سکتے ہیں۔
- اگر آپ کا کلائینٹ سے کوئی قانونی تعلق نہیں، تو کلائینٹ اپنے کیس منیجر کو اطلاع دے سکتے ہیں اور ایک مختلف NSA نمائندہ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**اگر وہ کلائینٹ، جن کی میں نمائندہ کر رہا ہوں، مجھے اپنے NSA نمائندہ کے طور پر نہ چاہیں؟**

اگر کلائینٹ آپ کو اپنے NSA نمائندہ کے طور پر نہ چاہیں، تو DDA انہیں کسی اور شخص کی شناخت کرنے میں مدد دے گا۔

- کلائینٹ صرف اس صورت میں نمائندے کے انتخاب سے اتفاق کرنے سے انکار کر سکتے ہیں، اگر ان کی عمر 18 سال یا زیادہ ہو اور نمائندے کی تعیناتی عدالت کی جانب سے نہ کی گئی ہو۔
- اگر آپ کا کلائینٹ سے کوئی قانونی تعلق ہے، تو آپ ان کے تعاون کے بغیر ان کی جانب سے کام کر سکتے ہیں۔

**کیا اس کے لیے مجھے کوئی اخراجات اٹھانے پڑیں گے؟**

کلائینٹ کے نمائندے کے کردار سے جڑے کوئی بھی اخراجات یا فیسیں نہیں ہیں۔

**میں کسی نئے پتے یا ٹیلیفون نمبر کی اطلاع دینے کے لیے کسے کال کروں؟**

آپ کو اپنی ڈاک کی صورتحال، ٹیلیفون یا کلائینٹ کے ساتھ قانونی حیثیت میں تبدیلی کے متعلق اطلاع دینے کے لیے اس فارم پر اوپر موجود متعین کردہ DDA کیس/ریسورس منیجر کو کال کرنے کی ضرورت ہو گی۔

**میں DDA کی جانب سے کس قدر رابطے کی توقع کر سکتا ہوں؟**

- DDA ہر سالانہ جائزے یا نظرثانی، جس کے نتیجے میں یہ فیصلہ ہو گا، جس پر کلائینٹ کو اپیل کرنے کا حق ہو گا، سے پہلے آپ کے ڈاک کے پتے کی تصدیق کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔ DDA اس بات کی بھی تصدیق کرے گا کہ آپ ابھی بھی کلائینٹ کے NSA نمائندہ رہنے پر متفق ہیں اور اپنے کردار کو سمجھتے ہیں۔ ماسوائے آپ کیس منیجر کو اطلاع دیں کہ آپ اپنے کلائینٹ کے NSA نمائندہ نہیں رہنا چاہتے، آپ کے اتفاق اور سمجھ کو 12 مہینوں کے لیے قابل قبول سمجھا جاتا ہے۔
- DDA آپ کو اہلیت، سروس یا فراہم کنندہ کے انکار، تخفیف یا منسوخی کے متعلق کلائینٹ کے لیے نوٹس بذریعہ ڈاک بھیجنے سے پہلے فیصلے اور کلائینٹ کے اپیل کرنے کے حقوق کے متعلق وضاحت کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔
- CRM منصوبہ شدہ اقدام کا نوٹس بذریعہ ڈاک بھیجنے سے پہلے کم از کم دو مرتبہ آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش کرے گا۔

**اگر میرے پاس کسی نوٹس یا فیصلے یا اپیل کے عمل کے متعلق کوئی سوالات ہوں، تو میں کسے کال کروں؟**

کلائینٹ کے لیے منصوبہ شدہ اقدام کے ہر نوٹس میں ایک نام اور ٹیلیفون نمبر شامل ہو گا، جس پر آپ کسی قسم کے سوالات کی صورت میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

**آپ مجھے DDA کے کسی فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کے عمل کے متعلق کیا بتا سکتے ہیں؟**

منصوبہ شدہ اقدام کا ہر نوٹس آپ کو اس حوالے سے معلومات فراہم کرتا ہے کہ فیصلے کی اپیل کیسے اور کہاں جمع کراونی ہے۔

1. DDA کلائینٹس کے پاس DDA کے کسی بھی ایسے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق ہے، جو ان کی اہلیت، سروس، پروگرام یا فراہم کنندہ کے انتخاب کی منظوری، انکار، تخفیف، منسوخی یا بازخواست کو متاثر کرتا ہو۔
    - کلائینٹ اور ان کے متعین کردہ NSA نمائندے کو اہلیت، سروس کے درجے یا فراہم کنندہ کے انکار یا منسوخی کو متاثر کرنے والے DDA کے تمام فیصلوں کے تحریری نوٹس موصول ہونے چاہیں۔
    - اس نوٹس کو اس فعل کی تاریخ نفاذ، وجہ اور قابل اطلاق WAC، اپیل کے حقوق اور اپیل درج کروانے کے دورانیوں کے متعلق معلومات فراہم کرنی چاہیں۔
2. کلائینٹ کی اپیلز کو ایک ایڈمنسٹریٹو لاء جج (ALJ) کے پاس متعین کیا جاتا ہے اور انہیں ایک انتظامی سماعت کے ذریعے سنتا ہے۔ یہ سماعت DSHS کی عمارت میں یا بذریعہ فون منعقد کی جاتی ہے۔ ALJ اس کی سربراہی کرتا ہے اور یہ ریکارڈ ہوتی ہے۔
    - وکیل کی نمائندگی ضروری نہیں ہے، مگر اس کی اجازت ہے۔
    - کلائینٹ کے NSA نمائندہ کلائینٹ کو اپنا کیس پیش کرنے میں یا وکیل رکھنے میں مدد کر سکتے ہیں۔
    - DSHS کے ملازمین ایک انتظامی سماعت میں کلائینٹ کی نمائندگی نہیں کر سکتے۔
    - DDA کے پاس انتظامی سماعت کے کوآرڈینیٹر ہوتے ہیں، جو DDA کو اس عمل میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔ اسسٹنٹ اٹارنی جنرلز مشورے کے لیے دستیاب ہیں اور بعض اوقات DDA کی نمائندگی کرتے ہیں۔
3. ایک کلائینٹ یا ان کی جانب سے کام کرنے والا کوئی دوسرا شخص زبانی یا تحریری طور پر انتظامی سماعت کی درخواست دے سکتا ہے۔
4. ہر فریق (کلائینٹ اور محکمہ) کو تنازعے میں مسئلے کے حوالے سے ثبوت کرنے ہوں گے۔ ثبوت کو واشنگٹن ایڈمنسٹریٹو کوڈ (WAC) پر مبنی ہونا چاہیے۔
5. ALJ تحریری فیصلہ جاری کرے گا۔ فیصلے کو WAC پر مبنی ہونا چاہیے۔
    - ALJ کے پاس موجودہ WAC کو نظر انداز کرنے یا WAC کو تبدیل کرنے یا اسے ناقابل اطلاق قرار دینے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔
    - اس سماعت کا مقصد اس بات کا تعین ہے کہ آیا DDA نے محکمے کے قانون کے مطابق درست فیصلہ کیا۔
6. دونوں فریقین کے پاس ALJ کی جانب سے ابتدائی فیصلے کے خلاف بورڈ آف اپیلز کو اپیل کرنے کا حق ہے۔
    - بورڈ آف اپیلز (BOA) DSHS کے لیے کام کرتا ہے، لہٰذا اس کا فیصلہ DSHS/DDA کے لیے حتمی فیصلہ ہوتا ہے۔
    - کلائینٹ BOA کے فیصلے کی سپیریئر کورٹ میں اپیل کر سکتے ہیں۔

WAC حوالہ جات:
WAC 388-825-100 تا 105
WAC 388-825-120 تا 165

**NSA کلائینٹ نمائندہ فارم (16-195) کیا ہے؟**

- NSA کلائینٹ نمائندہ فارم DDA کے کلائینٹ کے لیے نیسیسری سپلیمنٹل اکاموڈیشن کے تقاضے کی وضاحت ہے۔
- اگرچہ کہ فارم 16-195 لازمی نہیں ہے، اس بات کا پرزور مشورہ دیا جاتا ہے کہ یہ کلائینٹ کے متعین کردہ NSA کو فراہم کیا جائے۔
- اگر فارم 16-195 دیا جاتا ہے، تو NSA کی جانب سے NSA بننے پر اتفاق اور NSA کے کردار کو سمجھنے کے حصے کے طور پر SER میں اس کا ریکارڈ رکھیں۔
- براہ کرم NSA کو بتائیں کہ NSA کا کردار کلائینٹ کی جانب سے کام کرنے کا خود کوئی قانونی اختیار نہیں دیتا۔